دفتر صوبائی الیکشن کمشنر، پنجاب

کورٹ سٹریٹ، لاہور 10-

پریس ریلیز

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کا صوبہ پنجاب میں ضمنی انتخابات کی تیاریوں اور ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد کے حوالے سے اہم اجلاس

لاہور25:جنوری2021ء

سیالکوٹ اور NA-75 چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان، جناب سکندر سلطان نے صوبہ پنجاب میں قومی اسمبلی حلقہ گوجرانوالہ میں 19 فروری کو منعقد ہونے والے ضمنی انتخابات کی تیاریوں اورضابطہ اخلاق پر PP-51 صوبائی اسمبلی حلقہ عملدرآمد کے حوالے سے دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب، لاہور میں اہم اجلاس کی صدارت کی۔اجلاس میں صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب، غلام اسرار خان، متعلقہ حلقوں کے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران، ریٹرننگ افسران،ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسران اور دیگر افسران نے شرکت کی۔

چیف الیکشن کمشنرآف پاکستان کو ضمنی انتخابات کی تیاریوں اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں پر کاروائی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیف الیکشن کمشنرنے بریفنگ کے بعدضمنی انتخابات کی تیاریوں کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے متعلقہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران اور ریٹرننگ افسران کو تاکید کی کہ تمام امور کو مقررہ وقت کے اندر پایہء تکمیل سیالکوٹ میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں پر کاروائی سے متعلق بریفنگ NA-75 تک پہنچانے کو یقینی بنایا جائےحلقہ دیتے ہوئے ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسرنے بتایا کہ حلقے کی حدود سے مقررہ سائز سے متجاوز تمام بینرز اور پینا فلیکسز کو اتروا دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید آگاہ کیا کہ حلقہ کے ایک علاقے میں ترقیاتی کام کے خلاف ایک امیدوار کی جانب سے شکایت محمدزاہد کوضابطہ اخلاق SDO عبدالوحیداور XEN موصول ہوئی، جس پر تحقیقات کے بعد محکمہ پبلک ہیلتھ ا نجنئیر نگ کے کی خلاف ورزی پر ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسر نے حاضری کیلئے نوٹس جاری کیا ہے۔ علاوہ ازیں حلقہ میں سوئی ناردرن گیس کی طرف سے جاری نئے کنکشن دینے کا سلسلہ بھی رکوا دیا گیا ہے، اور الیکشن کمیشن کے احکامات کے مطابق محکمہ سوئی ناردرن گیس پائپ لائن کے ریجنل مینجر سیالکوٹ، محمد رضوان مشتاق کا، ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر کارروائی کرتے ہوئے، گجرات تبادلہ کر دیا گیا ہے۔

گوجرانوالہ میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں پر کاروائی سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے ڈسٹرکٹ PP-51 حلقہ مانیٹرنگ آفیسرنے بتایا کہ لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ گوجرانوالہ کے ملازم محمد فیاض کو انتخابی امیدوار مسز طلعت محمود کی انتخابی مہم میں حصہ لینے پر نوٹس بھیجا گیا ہے۔ علاوہ ازیں ضمنی انتخابات کے دوران اپنے سرکاری عہدے کا اثرو رسوخ استعمال کرنے پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس، وزیر آباد، رانا محمد اسلام کو الیکشن ایکٹ کے سیکشن 187کے تحت خلاف ورزی کرنے پر الیکشن کمیشن کی طرف سے وارننگ جاری کی گئی ہے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف الیکشن کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیں کہ انتخابات کی شفافیت اور غیر جانبداری کو برقرار رکھنے پر کوئی سمجھوتہ نہ کریں۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ الیکشن کمیشن ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والے افسران اور دیگر عناصر کے خلاف انتخابی قوانین کے تحت سخت سے سخت کاروائی کر ے گا، اوراس ضمن میں کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔